ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون؛۔021-99212639

پولیس ملازمین اور انکے اہل خانہ کے لیئے فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد۔

کراچی 02 نومبر 2019ء؛۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام کی ہدایات پر پولیس ہیڈکوارٹرز گارڈن ساؤتھ میں پولیس ملازمین اور انکے اہل خانہ کے لیئے فری میڈیکل کیمپ کاانعقاد کیا گیا جس میں ماہر ڈاکٹرز کی زیرنگرانی بلا معاوضہ معائنہ،امراض کی تشخیص کے ساتھ ساتھ ڈاکٹرز کیجانب سے تجویز کردہ مختلف ٹیسٹ بشمول ہیپاٹائٹس،شوگر،بی ایم ڈی وغیرہ اور ٹی بی ایکسرے کی سہولیات بھی مریضوں کو مفت فراہم کی گئیں۔

اے آئی جی ویلفیئر سندھ عبدالحمید کھوسو کی رپورٹ کیمطابق مذکورہ میڈیکل کیمپ سے پولیس ملازمین، انکے اہل خانہ اور بچوں کو فراہم کی جانیوالی مفت طبی سہولیات وٹیسٹ میں 332 کی او پی ڈی، 380 کے شوگر ٹیسٹ، 294 کے ہیپاٹائٹس بی ٹیسٹ، کم وبیش 641 کے بی ڈی ایم/کیلشیئم ٹیسٹ، 135 کے ایکسرے جبکہ 280 مریضوں کا بلڈ پریشر چیک اپ قابل ذکر ہیں۔

اس موقع پر ایس پی ہیڈکوارٹرز، ڈی ایس پی ہیڈکوارٹرز گارڈن کے علاوہ سندھ لیب کے نمائندگان بھی موجود تھے۔

؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔